رول نمبر: ____________

جماعت دہم

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code **7025**

FBD-1-23

وقت: 20 منٹ        کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟ | ڈاکٹر تاثیر نے | پطرؔس نے | فیضؔ نے | تاجؔ نے |
| 2 | سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا: | زردہ | بونٹ پلاؤ | فیرنی | بریانی |
| 3 | "اسلام" کا درست تلفظ ہے: | اُسْلاَم | اَسْلاَم | اَسْلاَمْ | اِسْلاَمْ |
| 4 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہو گئی: | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | قصیدے کی طرف |
| 5 | "واحد متکلم" مثال ہے: | ہم | تم | میں | وہ |
| 6 | ادا جعفری کی شامل نصاب غزل ان کی کس کتاب سے لی گئی؟ | میں ساز ڈھونڈتی رہی | غزالاں تم تو واقف ہو | شہر درد | سازِ سخن بہانہ ہے |
| 7 | آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟ | تین | پانچ | سات | نو |
| 8 | "حلال" کا درست تلفظ کیا ہے؟ | حَلاَلُ | حِلاَلُ | حُلاَلُ | حَلاَّ لُ |
| 9 | ذات باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے: | سرد و گرم میں | خشک و تر میں | اُجالے اور تاریکی میں | ان سب میں |
| 10 | کانگریس کب قائم کی گئی؟ | 1885ء میں | 1906ء میں | 1911ء میں | 1919ء میں |
| 11 | نظم "کسان" کا ابتدائی منظر ہے: | شام کا | صبح کا | جھٹ پٹے کا | رات کا |
| 12 | "وہ دوڑ رہا تھا" جملہ ہے: | ماضی بعید کا | ماضی قریب کا | ماضی تمنائی کا | ماضی استمراری کا |
| 13 | مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟ | دہلی میں | علی گڑھ میں | آگرہ میں | کول میں |
| 14 | علی بخش کو زمین کہاں دی گئی؟ | جھنگ میں | لاہور میں | شیخوپورہ میں | لائل پور میں |
| 15 | وہ اسم جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے: | اسم جامد | اسم مصدر | اسم مشتق | اسم معاوضہ |

1001-X123-92000

ParhloPakistan.com

رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

**وقت: 02:10 گھنٹے  کل نمبر: 60**

FBD-1-23

## (حصّہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسنِ فطرت کا گواہ    ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(ii) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام    اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iii) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ    یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(iv) اصولِ محبت ہے ، پیغام جس کا    وہ محبوب ﷺ پروردگار آ گیا ہے

**(حصہ غزل)**

(v) روح کو بھی مزا محبت کا    دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) نازک تھے کہیں رنگِ گل و بوئے سمن سے    جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

(vii) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا    گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) گاڑی کو جنبش ہوئی اور وہ دوڑ کر آگے چلا گیا۔ سٹیشن کی دکانیں، خوانچے والے اور قلی اس کی نظروں کے سامنے سے بھاگ رہے تھے۔ وہ دیر تک کھڑی سٹیشن کی بتیوں کو، جواب اندھیری رات میں جگنو کی طرح چمک رہی تھیں، گھورتی رہی۔ آخر گھپ اندھیرے میں اس کی نظریں ٹھوکریں کھانے لگیں۔

(ii) ان کی بیگم بھی ادبی ذوق رکھتی تھیں۔ دو ایک ناول ان کے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ اولاد سعادت مند، بیوی سلیقہ شعار، پنشن اتنی کہ بڑھاپے میں کسی کی محتاجی نہیں۔ کھانا سادہ، لباس سادہ، رہن سہن سادہ، پھر احتیاج ہو تو کس بات کی؟ قلبِ مُطمئِنّہ کی دولت سے مالا مال تھے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کونسا ایک لفظ کہہ کر بنائی ہے؟

(ii) شاعر نے ارتقا کا پیشوا کسے کہا ہے؟

(iii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(iv) شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

(v) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(vi) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(vii) کونسے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) چغل خور (ii) نظریۂ پاکستان 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) تحریک پاکستان (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

1001-X123-92000

ParhloPakistan.com